## سوال

(366) عورت حالتِ احرام میں فوت ہوجائے تو کفن کس طرح دیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جو عورت حالت احرام میں فوت ہوجائے، اسے کس طرح کفن دیا جائے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو عورت حالت احرام میں فوت ہو اس کا کفن عام عورتوں ہی کی طرح ہے، یعنی ازار (نیچے کی چادر)، اوڑھنی، قمیص اور دو لفافے، اور پھر اس کا چہرہ ڈھانپ دیا جائے لیکن اس پر نقاب نہ ڈالا جائے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام والی کو نقاب لینے سے منع فرمایا ہے۔ لیکن نقاب کے علاوہ اوڑھنی یا لفافے وغیرہ سے اس کا چہرہ ڈھانپنا جائز ہے، اوراحرام کی وجہ سے اسے خوشبو بھی نہ لگائی جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسا ئیکلو پیڈیا

**صفحہ نمبر 306**

محدث فتویٰ